e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 303 Tuesday , August 04 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۵) شمارہ نمبر (۳۰۳) لکھنؤ، بروز منگل ۴-اگست ۲۰۲۶ء مطابق ۲۰-صفرالمظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## کشمیر کے کئی علاقوں میں بادل پھٹنے اور شدید بارش سے تباہی

سری نگر (یو این آئی) جموں و کشمیر کے کئی علاقوں میں پیر کو بادل پھٹنے اور شدید بارش کے باعث اچانک سیلاب آ گیا، سڑکوں کو نقصان پہنچا اور متعدد علاقے متاثر ہوئے۔ حکام نے مزید بارش کے امکان کے پیش نظر صورتحال پر کڑی نظر رکھی ہوئی ہے۔ اننت ناگ ضلع کے پہلگام کے بٹکوٹ علاقے میں بادل پھٹنے کا واقعہ پیش آیا، جہاں شدید بارش کے بعد وارڈ بل نالہ اور آس پاس کے کئی ندی نالے ابل پڑے۔ علاقے میں معمولی نقصان کی اطلاع ہے، جب کہ لدر نالے کی سطح آب بھی مختصر وقت میں تیزی سے بڑھ گئی۔ بانڈی پورہ ضلع کے آرین ورڈ پورہ علاقے میں بھی بادل پھٹنے کی اطلاع ملی، جس کے باعث کئی مقامات پر سڑکوں کو نقصان پہنچا۔ حکام نے بتایا کہ دیگر ممکنہ نقصانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق کپواڑہ ضلع کے لولاب کے ہملی علاقے میں بھی بادل پھٹنے کی اطلاع ہے۔ شوپیان میں دو گھنٹے تک جاری رہنے والی شدید بارش کے بعد دوپہر کے آخر میں کئی علاقوں میں اچانک سیلاب آ گیا۔

## سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 34 سے بڑھا کر 38 کرنے کا بل پیش، لوک سبھا سے بغیر بحث منظور

نئی دہلی: (ایجنسی) لوک سبھا نے پیر کے روز سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے سے متعلق سپریم کورٹ (ججوں کی تعداد) ترمیمی بل، 2026 بغیر کسی بحث کے منظور کر لیا۔ ایوان میں اس وقت شدید ہنگامہ آرائی جاری تھی، جہاں اپوزیشن نیٹ پرچہ لیک اور رام مندر میں چندہ چوری جیسے معاملات پر احتجاج اور نعرے بازی کر رہی تھی۔ یہ بل مئی 2026 میں جاری کیے گئے سپریم کورٹ (ججوں کی تعداد) ترمیمی آرڈیننس، 2026 کی جگہ لے گا۔ بل کے قانون بننے کے بعد سپریم کورٹ میں چیف جسٹس آف انڈیا سمیت ججوں کی مجموعی منظور شدہ تعداد 34 سے بڑھ کر 38 ہو جائے گی۔ اس کے تحت چیف جسٹس کے علاوہ دیگر ججوں کی تعداد 33 سے بڑھا کر 37 کر دی گئی ہے۔ مرکزی وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے بل پیش کرتے ہوئے مختصر ابتدائی بیان دیا۔

# یوپی اسمبلی کا پہلا دن: سپا-کانگریس کا زبردست احتجاج، چندہ چوری معاملہ پر ہنگامہ

## ایس پی کے آنجہانی رکن اسمبلی عالم بدیع اعظمی کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

لکھنؤ۔ اتر پردیش اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آغاز پیر کو سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے آنجہانی رکن اسمبلی عالم بدیع کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ہوا۔ اعظم گڑھ ضلع کی نظام آباد اسمبلی نشست سے رکن اسمبلی رہنے والے عالم بدیع کے انتقال پر ایوان میں تعزیتی قرارداد پیش کی گئی اور ان کی یاد میں 2 منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ اس کے بعد ایوان کی کارروائی منگل تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔ ایوان کے قائد اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے مرحوم رکن اسمبلی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی عوامی زندگی اور عوامی خدمت کو یاد کیا۔ قائد حزب اختلاف ماتا پرساد پانڈے سمیت مختلف جماعتوں کے رہنماؤں نے بھی تعزیتی قرارداد پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم رکن اسمبلی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایوان میں موجود تمام ارکان نے 2 منٹ کی خاموشی اختیار کر کے مرحوم کی روح کے سکون کے لیے دعا کی۔ عالم بدیع کو ریاست کے سب سے عمر رسیدہ ارکان اسمبلی میں شمار کیا جاتا تھا۔ ان کے انتقال پر حکمراں جماعت اور حزب اختلاف کے ارکان نے یکساں طور پر غم کا اظہار کیا۔ اس سے قبل مانسون اجلاس کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے سماج وادی پارٹی (ایس پی) اور کانگریس کے ارکان اسمبلی نے اسمبلی احاطے کے باہر احتجاج کیا۔ مظاہرین رام مندر میں چڑھاوے کی چوری کے مبینہ معاملے اور نیٹ امتحان کے سوالیہ پرچے افشا ہونے کے معاملے کو لے کر حکومت کے خلاف نعرے لگاتے نظر آئے۔ ایس پی کے ارکان اسمبلی علامتی طور پر سکے لے کر چندہ پیٹی کے ساتھ پہنچے۔ ان کے ہاتھوں میں ایسے کتبے تھے جن پر ”نیٹ ہے یا نقل ہے“ اور ”رام کے نام پر لوٹ ہے“ جیسے نعرے درج تھے۔ واضح رہے کہ اتر پردیش قانون ساز ادارے کا مانسون اجلاس 4 دن تک چلے گا۔



### عالم بدیع کی سیاسی فعالیت ہر عوامی نمائندے کے لیے مشعلِ راہ: سی ایم یوگی

لکھنؤ۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے سماج وادی پارٹی کے سینئر رکن اسمبلی عالم بدیع کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عالم بدیع نے اپنی طویل عوامی زندگی سے یہ ثابت کیا کہ اگر کوئی عوامی نمائندہ اپنے حلقے اور عوام کی خدمت کے لیے مخلص ہو تو عمر کبھی بھی اس کی فعالیت اور عوامی خدمت میں رکاوٹ نہیں بنتی۔ سی ایم یوگی آدتیہ ناتھ نے ایوان کو بتایا کہ موجودہ اسمبلی کے رکن عالم بدیع کا 23 جولائی کو انتقال ہو گیا تھا۔ 90 برس سے زائد عمر کے عالم بدیع طویل عرصے سے علیل تھے اور موجودہ اسمبلی کے معمر ترین ارکان میں شمار ہوتے تھے۔ (بقیہ صفحہ 3 پر)

## رام مندر چندہ اور نیٹ پیپر لیک پر بی جے پی کے خلاف سپا کی نعرے بازی




اجلاس کے پہلے ہی دن شری رام مندر کے دان پاتر سے چندے کی مبینہ چوری کے معاملے پر شدید ہنگامہ ہوا۔ سماج وادی پارٹی نے ضابطہ 105 کے تحت کارروائی ملتوی کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے اس معاملے پر بحث کا مطالبہ کیا۔ جیسے ہی ایوان کے قائد کیشو پرساد موریہ جواب دینے کے لیے کھڑے ہوئے، سماج وادی پارٹی کے اراکین ویل میں پہنچ گئے اور حکومت کے خلاف نعرے بازی شروع کر دی۔ مسلسل ہنگامے کے باعث چیئرمین نے کارروائی پہلے 15 منٹ کے لیے ملتوی کر دی۔ کارروائی دوبارہ شروع ہونے کے بعد بھی ہنگامہ جاری رہا۔ اس دوران کیشو پرساد موریہ شور و غل کے درمیان اپنا بیان دیتے رہے۔ دوپہر 1:52 بجے چیئرمین نے سماج وادی پارٹی کی کارروائی ملتوی کرنے کی تجویز مسترد کرتے ہوئے معاملہ مزید کارروائی کے لیے حکومت کے سپرد کرنے کا اعلان کیا۔ اس کے بعد اپوزیشن اراکین اپنی نشستوں پر واپس آ گئے اور ایوان کی کارروائی معمول پر آ گئی۔

# ضمنی انتخاب: بانکی پور سے جیت گئے پرشانت کشور

## 35 سال بعد بی جے پی کو اس کے مضبوط گڑھ میں شکست



پٹنہ (ایجنسی): بہار کی بانکی پور اسمبلی سیٹ کے ضمنی انتخاب میں پرشانت کشور نے زبردست جیت حاصل کی ہے۔ نتائج نے سیاسی تجزیہ کاروں کو حیران کر دیا ہے۔ شروع سے ہی جن سوراج کے سربراہ پرشانت کشور نے اپنے حریفوں پر مضبوط برتری برقرار رکھی۔ گنتی کے ہر دور کی تکمیل کے ساتھ ہی ان کے ووٹوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا اور آخر کار پی کے نے 18 ہزار سے زائد ووٹوں سے بی جے پی امیدوار نیرج کمار کو شکست دے دی۔ پرشانت کشور بانکی پور کے فاتح کے طور پر ابھرے: 25 امیدواروں میں پرشانت نے سیٹ جیتنے کے لیے 63,203 ووٹ حاصل کیے۔ ان کے قریبی حریف بی جے پی کے نیرج کمار نے 44,250 ووٹ حاصل کیے، جب کہ راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کی امیدوار ریکھا کماری کو صرف 14,085 ووٹ مل سکے۔ پرشانت کشور نے آسانی سے سہ طرفہ مقابلے کو فتح میں بدل دیا۔ بانکی پور بی جے پی کا گڑھ سمجھا جاتا تھا لیکن اب اس پر جن سوراج نے قبضہ کر لیا ہے۔

ووٹوں کی گنتی جیسے ہی شروع ہوئی مقابلہ ہر دور میں یکطرفہ نظر آیا۔ ابتدائی طور پر، ایسا لگتا تھا کہ پرشانت کشور کی برتری کا مارجن چند راؤنڈز کے بعد کم ہو سکتا ہے، لیکن عوامی مینڈیٹ نے ایسا ہونے نہیں دیا۔ پرشانت کشور کی جیت کا مارجن اتنا وسیع تھا کہ اصل جنگ صرف دوسری اور تیسری پوزیشن کے لیے دلچسپ بن گئی۔ بالآخر، بی جے پی نے دوسرا مقام حاصل کیا، جب کہ آر جے ڈی تیسرے نمبر کے ساتھ کافی پیچھے چھوٹ گئی۔ (بقیہ صفحہ 3 پر)

## خاتون پہلوانوں کو ہراساں کرنے کے معاملے میں برج بھوشن سنگھ بری



نئی دہلی، 03 اگست (یو این آئی) دہلی کی ایک عدالت نے پیر کے روز بی جے پی لیڈر اور ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کے سابق چیف برج بھوشن سنگھ کو خاتون پہلوانوں کو جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزام سے متعلق کیس میں بری کر دیا۔ راؤز ایونیو کورٹس کے ایڈیشنل چیف جوڈیشل مجسٹریٹ اشونی پنوار نے شریک ملزم ونود تومر کو بھی بری کر دیا۔ عدالت نے استغاثہ، شکایت کنندگان اور دفاع کی تفصیلی بحث کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ رکھنے کے بعد سنایا۔ کارروائی بند کمرے میں کی گئی۔ خاتون پہلوانوں کی طرف سے سینئر ایڈووکیٹ ربیکا جان پیش ہوئیں جبکہ ایڈووکیٹ راجیو موہن نے برج بھوشن سنگھ کی نمائندگی کی۔ مئی 2024 میں، عدالت نے سنگھ کے خلاف جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزامات طے کیے تھے، تاہم انہیں ایک شکایت کنندہ کی جانب سے لگائے گئے الزامات کے سلسلے میں بری کر دیا گیا تھا۔ شریک ملزم ونود تومر پر صرف ایک شکایت کنندہ کے سلسلے میں مجرمانہ دھمکی دینے کا الزام عائد کیا گیا تھا اور باقی الزامات سے بری کر دیا گیا تھا۔ دہلی پولیس نے سنگھ کے خلاف آئی پی سی کی دفعات کے تحت عزت کو مجروح کرنے، جنسی ہراساں کرنے، پیچھا کرنے اور مجرمانہ دھمکی دینے کے چارج شیٹ داخل کی گئی تھی، جبکہ تومر کو اعانت کے الزام کا بھی سامنا تھا۔ مبینہ واقعات 2016 اور 2019 کے درمیان ڈبلیو ایف آئی کے دفتر، سنگھ کی سرکاری رہائش گاہ اور بیرون ملک دوروں کے دوران پیش آئے تھے۔ ایک نابالغ پہلوان کی طرف سے درج کرائے گئے پوکسو کیس کے بعد پولیس کی جانب سے منسوخی کی رپورٹ پیش کرنے کے بعد اسے بند کر دیا گیا تھا۔

### ہم نے امید نہیں چھوڑی ہے، اپنی لڑائی جاری رکھیں گے: پرونیش پھوگاٹ

دہلی کے راؤز ایونیو کورٹ نے سابق ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کے صدر برج بھوشن شرن سنگھ کو جنسی استحصال معاملے میں بری کر دیا ہے۔ اس فیصلہ کے بعد ونیش پھوگاٹ کا سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر لکھا کہ ”ہمیں سڑکوں پر اترنے اور حکمراں جماعت کے ایک زورآور لیڈر کے خلاف ایف آئی آر درج کرانے کے لیے بہت ہمت جمع کرنی پڑی تھی۔ اقتدار اور اپنے اثر و رسوخ کے دم پر برج بھوشن سنگھ نے کئی لڑکیوں کو ڈرا کر ان کے نام واپس کرائے، لیکن کئی خاتون پہلوان ڈٹی رہیں اور عدالت میں لڑائی لڑتی رہیں۔“




## نیٹ احتجاج پر سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ

# مقدمات واپسی کی اجازت، مگر سنگین جرائم پر نرمی نہیں

### زیادتی کرنے والے اہلکاروں کو بھی نہ بچایا جائے، عدالت عظمیٰ نے بدلا پرانا حکم، پیلیٹ گن اور لاٹھی چارج پر سخت، حکومت سے جواب طلب

#### آئندہ سماعت 18 اگست کو



نئی دہلی۔ (ایجنسی) سپریم کورٹ نے نیٹ پیپر لیک اور امتحان میں بے ضابطگی معاملہ پر طلبا کی تحریک کے دوران ہوئے تشدد سے متعلق عرضیوں پر سماعت کے دوران اپنے گزشتہ حکم میں کچھ ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ عدالت نے کہا کہ ریاستوں کو مقدمات واپس لینے کی آزادی رہے گی، لیکن سنگین جرائم والے لوگوں کو کوئی راحت نہیں ملے گی۔ یعنی ریاستیں مظاہرین کے خلاف مقدمات ختم کر سکتی ہیں یا واپس لے سکتی ہیں۔ اب اس معاملے کی آئندہ سماعت 19 اگست کو ہوگی۔ سپریم کورٹ نے آج کہا کہ ’مجرمانہ ریکارڈ والے مظاہرین‘ کے حکم کا مطلب صرف ان لوگوں سے تھا، جن پر سنگین جرائم (جیسے قتل) کے الزامات لگے ہیں، یعنی معمولی نوعیت کے الزامات والے یا سیاسی وجوہات سے مظاہرہ کرنے والوں کو راحت ملے گی۔ مرکزی حکومت کی جانب سے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے کہا کہ مظاہرین کے خلاف ایف آئی آر کو لے کر حکومت اپنے پہلے دیے گئے وعدے پر پوری طرح قائم ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں کہا کہ 28 جولائی کے حکم سے متعلق یہ واضح کیا جاتا ہے کہ دہلی اور کوئی بھی دوسری ریاست مظاہرین کے خلاف درج ایف آئی آر کو بند کرنے یا واپس لینے کے لیے آزاد ہے۔

آج ہوئی سماعت کے دوران ایڈووکیٹ گوپال نے کہا کہ ہم نے ایسے پولیس اہلکاروں کی نشاندہی کی ہے جو وردی میں نہیں تھے یا ان کی سرگرمیاں درست نہیں تھیں۔ یہ معاملہ براہ راست طلبا اور پولیس سے متعلق ہے۔ بہت سنگین خلاف ورزیاں ہوئی ہیں۔ وہاں کارروائی میں غنڈے شامل تھے اور حکومت کے جواب میں ان تمام باتوں کو شامل کیا جانا چاہیے۔ کسی کو ظلم کرنے کا لائسنس نہیں ملا ہے۔ اس سلسلہ میں سینئر وکیل ابھشیک منو سنگھوی نے بھی کہا کہ بنچ کو اس معاملے میں جواب کے لیے مختلف پہلوؤں پر ہدایات دینی چاہئیں، ورنہ جواب ہی نہیں ملیں گے۔ گوپال نے کہا کہ اس معاملے میں حکم کو واضح کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم نے ان پولیس افسران کی شناخت کر لی ہے جنہوں نے کارروائی کی تھی۔ حلف نامے میں یہ بتایا جانا چاہیے کہ آر اے ایف کو ہدایات دینے کا ذمہ دار کون تھا۔ عرضی دہندہ کے وکیل نے واضح لفظوں میں کہا کہ پولیس کمشنر اور آر اے ایف ڈائریکٹر کو ہدایات بھیجی جانی چاہئیں اور ان سے پوچھا جانا چاہیے کہ انہوں نے پیلیٹ گن اور لاٹھی چارج کی اجازت کیسے دی۔ پولیس کو اس طرح کام کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اس پر کوئی سوال ہی نہیں اٹھتا۔ ہم نے ویڈیوز پیش کیے ہیں۔ ہم عدالت کی توجہ اس سنگین معاملے کی جانب دلا رہے ہیں۔ حلف نامے میں ان سوالات کے جواب دیے جانے چاہئیں۔

اس درمیان سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے کہا کہ مظاہرے میں کئی ایسے لوگ تھے جن پر عصمت دری، قتل سمیت دیگر مجرمانہ مقدمات پہلے سے درج ہیں۔ مہتا نے کہا کہ میں نے ورندا گروور کے ساتھ فہرست شیئر کی تھی۔ اس میں عصمت دری، قتل اور پاکسو جیسے مقدمات تھے۔ ڈرائیونگ سے متعلق خلاف ورزی کا کوئی معاملہ نہیں تھا۔ دوسری طرف ایک درخواست گزار کی جانب سے وکیل نے سابق چیف جسٹس آف انڈیا کی قیادت میں تحقیقات کی نگرانی کے لیے کمیٹی بنانے کا مطالبہ کیا۔ اس پر چیف جسٹس آف انڈیا نے کہا کہ ہم اس پر کام کر رہے ہیں۔ ورندا گروور نے پیلیٹ گن کے استعمال پر کہا کہ جموں و کشمیر کے بعد دہلی میں اس کا استعمال کیا گیا۔ کیا اس کا کوئی حکم تھا؟ اس بارے میں جواب دیا جائے۔ چیف جسٹس آف انڈیا نے کہا کہ سالیسٹر جنرل جواب میں پیلیٹ گن کے بارے میں بھی وضاحت پیش کریں۔ ریاستوں کے چیف سکریٹریز بھی آج آن لائن پیش ہوئے تھے، چیف جسٹس آف انڈیا نے انہیں بھی حلف نامہ داخل کرنے کی ہدایت دی۔

#### حکومت نے کہا، 2700 مجرموں پر ایف آئی آر برقرار رہے گی

نئی دہلی: (ایجنسی) مرکزی حکومت نے سپریم کورٹ کو یقین دلایا ہے کہ مبینہ نیٹ پیپر لیک کے خلاف احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے پیر کے روز عدالت کو بتایا کہ حکومت اپنے وعدے پر قائم ہے اور احتجاج میں شریک طلبہ کے خلاف کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی جائے گی۔ البتہ انہوں نے واضح کیا کہ احتجاج کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 2700 سے زائد افراد کے خلاف درج ایف آئی آر واپس نہیں لی جائیں گی اور ان کے خلاف قانونی کارروائی جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) نے نیٹ پیپر لیک کے معاملے پر دہلی کے جنتر منتر پر احتجاج کیا تھا۔ مظاہرین نے حکومت کے سامنے تین مطالبات رکھے تھے، جنہیں حکومت نے قبول کر لیا تھا۔ ان میں ایک اہم مطالبہ یہ تھا کہ احتجاج کرنے والے طلبہ کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہ کی جائے۔

# ’مودی حکومت انڈیا کو جواب دے‘

## انڈیا بلاک کی میٹنگ کے بعد ملکارجن کھڑگے نے مرکز کے سامنے رکھے 2 سوالات



نئی دہلی۔ (ایجنسی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے مرکز کی مودی حکومت کے سامنے 2 اہم سوالات رکھے ہیں اور کہا ہے کہ وہ ’انڈیا‘ کو جواب دے۔ سوالات طلبا کے ساتھ ہوئی بربریت اور رام مندر چندہ چوری سے جڑا ہوا ہے۔ راجیہ سبھا میں حزب اختلاف کے قائد کھڑگے اور لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی کی موجودگی میں آج انڈیا بلاک کے لیڈران کی میٹنگ ہوئی، جس کے بعد کھڑگے نے اپنے ’ایکس‘ ہینڈل پر کچھ تصویریں شیئر کی ہیں۔ اس سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے ایک سوال مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے منسوب کیا ہے، جبکہ دوسرا سوال پی ایم مودی کے لیے ہے۔ اپنی پوسٹ میں کانگریس صدر نے لکھا ہے کہ ”مودی حکومت کو INDIA کو جواب دینا ہوگا: 1. وزیر داخلہ کو پارلیمنٹ میں آ کر طلبا پر لاٹھی چارج اور پیلیٹ گن سے کی گئی کارروائی کی وضاحت دینی ہوگی۔ 2. وزیر اعظم کو جواب دینا ہوگا کہ شری رام مندر کو عطیہ کردہ چندہ-چڑھاوا کی رقم کس طرح چوری ہو گئی، جبکہ ٹرسٹ وزیر اعظم کی نگرانی میں تھا۔“

ان دونوں ہی معاملوں میں اپوزیشن پارٹیاں لگاتار مودی حکومت کو نشانہ بنا رہی ہیں اور پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اس معاملہ پر رخنہ انداز بھی ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ آج اپوزیشن پارٹیوں کے اراکین پارلیمنٹ نے پارلیمانی احاطہ میں طلبا پر ہوئی پولیس بربریت اور رام مندر چندہ چوری معاملہ پر احتجاجی مظاہرہ بھی کیا۔ گزشتہ دنوں کی طرح پرینکا گاندھی، ڈمپل یادو اور جیہ بچن نے ڈونیشن باکس میں چندہ دے کر علامتی طور پر چندہ چوری کے خلاف اپنا احتجاج درج کیا۔ اس درمیان ’چندہ چور، گدی چھوڑ‘ کا نعرہ بھی بلند ہوا۔ اس مظاہرہ کی کچھ تصویریں کانگریس نے اپنے ’ایکس‘ ہینڈل پر شیئر بھی کی ہیں۔ ایک پوسٹ میں پارٹی نے لکھا ہے کہ ”بی جے پی جوابدہی سے بھاگنے کی لاکھ کوشش کر لے، لیکن حکومت کو جواب دینا ہوگا۔“

# بی جے پی کی محفوظ سیٹیں بھی اب محفوظ نہیں

## بھاجپا کا زوال شروع، اب امیدوار بھی نہیں ملیں گے: اکھلیش


لکھنؤ: سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ جو لوگ خدا کو نچانے کا غرور رکھتے تھے، انہیں خود خدا نے نچا دیا۔ انہوں نے کہا کہ جو اپنے آپ کو خدا سے بھی بڑا سمجھتے تھے، خدا نے انہیں چلتی گاڑی سے نیچے اتار دیا اور ان کے غرور کا بخار بھی ختم کر دیا۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ یہ کامیابی نوجوانوں کے اتحاد اور ان کے والدین کے غصے کا مشترکہ نتیجہ ہے، کیونکہ ووٹ چوری، پیپر لیک، چندہ اور نذرانے کی چوری، نوکریوں کی چوری، ریزرویشن کی چوری، کمیشن خوری، پی ڈی اے طبقے پر مظالم، بدعنوانی، مہنگائی، ملاوٹ کو سرکاری سرپرستی، ماؤں اور



بیٹیوں کی توہین اور نوجوان نسل پر ہر طرح کے حملوں کے ذریعے بی جے پی نے عوام کے اعتماد اور عقیدے کو ٹھیس پہنچائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب بی جے پی کے لوگ بھی اپنی ہی صفوں میں کسی کے استعفے کا مطالبہ کریں گے، کیونکہ جو اپنی ہی اسمبلی سیٹ نہ جیت سکے، اس کے سہارے پارٹی کی کشتی کیسے پار لگے گی۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ اصل شکست ان لوگوں کی ہے، جنہوں نے ایسے افراد کو منتخب کیا یا اپنی مرضی سے تنظیم پر مسلط کیا۔ اب کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ ”بی جے پی میں استعفے نہیں ہوتے۔“ انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ اتر پردیش میں سب سے زیادہ خوش وہ لوگ ہیں جنہیں صرف پی ڈی اے سماج سے تعلق رکھنے کی وجہ سے قومی سطح کے بجائے ریاستی سطح کا عہدہ دیا گیا تھا۔ آج وہ بھی مسکرا کر پوچھ رہے ہیں کہ 5 بڑا یا 7؟ عوام یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ جب قومی صدر اسمبلی انتخابات نہیں جتوا سکے تو ریاستی صدر اسمبلی کی لڑائی کیسے لڑوا سکیں گے۔ یہ ڈبل انجن حکومت کی ڈبل شکست ہے۔

# کانگریس کا امت شاہ سے ایوان میں حاضر ہوکر تمام اہم معاملات پر جواب دینے کا مطالبہ

## پپو یادو پر حملے، طلبہ کے استحصال، ایودھیا کے رام مندر میں چندہ چوری اور دیگر اہم معاملات پر اپوزیشن نے حکومت کو پارلیمنٹ میں گھیرا



نئی دہلی: کانگریس نے پورنیہ سے رکن پارلیمنٹ پپو یادو پر حالیہ حملے کے معاملے کو لے کر مرکزی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ سے پارلیمنٹ میں جواب دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پارٹی رہنماؤں نے اس واقعے کو ملک میں نظم ونسق کی صورت حال پر سنگین سوال قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اپوزیشن کے اٹھائے گئے اہم مسائل پر بحث سے گریز کر رہی ہے۔ کانگریس کے ترجمان اور رکن پارلیمنٹ پون کھیڑا نے کہا کہ ملک میں نظم ونسق کی صورت حال تشویشناک ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنتر منتر پر بچوں کے ساتھ پیش آئے واقعے کے بعد اب ایک رکن پارلیمنٹ پر حملہ اس بات کی علامت ہے کہ حالات بگڑ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر داخلہ امت شاہ کو ایوان میں آ کر یہ واضح کرنا چاہیے کہ ملک کو اس صورتحال تک کیوں پہنچنے دیا گیا اور ایسی وارداتیں کیوں پیش آرہی ہیں۔

ایودھیا کے رام مندر سے متعلق تنازعہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے پون کھیڑا نے کہا کہ کانگریس کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات میں کوئی غیر مناسب بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ رام مندر ٹرسٹ اور اس سے وابستہ اہم شخصیات کے نظریاتی پس منظر پر سوال اٹھانا جمہوری حق ہے۔ ان کے مطابق یہ جاننا ضروری ہے کہ آیا ان افراد کا راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) سے کوئی تعلق ہے یا نہیں۔ انہوں نے سناتن دھرم کی توہین کے الزامات میں راہل گاندھی، پپو یادو اور اودھیش پرساد کے خلاف درج ایف آئی آر پر بھی ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ پران پرتشٹھا تقریب میں شریک افراد کے کردار پر سوال اٹھانا کسی بھی طرح غلط نہیں کہا جاسکتا۔

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ملوروی نے بھی پپو یادو کی پریس کانفرنس کے دوران پیش آئے واقعے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک منتخب رکن پارلیمنٹ اپنی بات رکھنے کے دوران بھی محفوظ نہیں ہے تو عام شہری کی سلامتی کے بارے میں آسانی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ حملہ آور کی شناخت عوام کے سامنے لائی جائے، سکیورٹی میں ہوئی کوتاہی کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور آئندہ ارکان پارلیمنٹ کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔ تاہم انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ کسی بھی اختلاف یا احتجاج کے دوران چپل یا تھپڑ جیسے اقدامات کی حمایت نہیں کی جاسکتی۔

دریں اثنا کانگریس کے سینئر رہنما اور رکن پارلیمنٹ کے سی وینو گوپال نے پارلیمنٹ کے بار بار ملتوی ہونے پر حکومت کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت طلبہ کے استحصال، پپو یادو پر حملے، ایودھیا رام مندر سے متعلق تنازعہ اور دیگر اہم معاملات پر بحث سے بچ رہی ہے۔ وینو گوپال نے کہا کہ وزیر داخلہ امت شاہ کو خود ایوان میں موجود ہو کر اپوزیشن کے سوالات کا جواب دینا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی سوال اٹھایا کہ جو وزیر داخلہ گزشتہ اجلاسوں میں مسلسل ایوان میں موجود رہتے تھے، وہ موجودہ اجلاس کے دوران ایوان میں کیوں نہیں آ رہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ جمہوری مباحثے کا سب سے بڑا فورم ہے اور حکومت کو اپوزیشن کے اٹھائے گئے سوالات سے گریز کرنے کے بجائے ان کا جواب دینا چاہیے۔

## 'ای-20 پیٹرول سے انجن کو نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق'

### کانگریس کا گڈکری کے دعوے پر جوابی حملہ



نئی دہلی۔ کانگریس نے مرکزی وزیر نتن گڈکری کے اس دعوے پر جوابی حملہ کیا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ ای-20 کا نفاذ سائنسی ریسرچ کے بعد کیا گیا ہے۔ کانگریس نے پیر کے روز کہا کہ پورے ملک میں 'ای-20' پیٹرول کی فروخت کو لے کر ناراضگی میں اضافہ ہورہا ہے۔ عوام جوابدہی اور شفافیت کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اہم اپوزیشن پارٹی نے الزام لگایا ہے کہ مودی حکومت کے وزیر لوگوں کو یہ بھروسہ دلانے میں ناکام رہے ہیں کہ ای-20 پیٹرول پوری طرح محفوظ ہے، کیوں کہ اس کی حمایت میں کوئی ٹھوس اعداد وشمار یا رپورٹ دستیاب نہیں ہے۔ ای-20 پیٹرول ایسا ایندھن ہے، جس میں 20 فیصد ایتھنول اور 80 فیصد پیٹرول ملا ہوا ہوتا ہے۔ کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ "29 جولائی کو پارلیمنٹ میں ای-20 پیٹرول کے ملک گیر نفاذ پر روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کے ذریعہ دیے گئے جواب سے زیادہ سوالات کھڑے ہوئے ہیں۔" جے رام رمیش کے مطابق گڈکری کا دعویٰ ہے کہ ای-20 کو برسوں تک سائنسی ریسرچ کے بعد نافذ کیا گیا ہے اور اس سے گاڑیوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ جے رام رمیش نے کہا کہ "گزشتہ کئی مہینوں سے ملک بھر کے صارفین اور میکینک کم مائلیج، انجن میں پریشانی، گاڑیوں پر ای-20 کے طویل مدتی اثرات، انجن کی ہم آہنگی، ٹھنڈے موسم میں اسٹارٹ ہونے میں دقت، 2023 سے پہلے بنی گاڑیوں میں تیزی سے گراوٹ، پرانی گاڑیوں میں فیول انجیکٹر کا جام ہونا، ایندھن پائپوں میں زنگ لگنا اور ربڑ کے پرزوں میں دراڑ آنے جیسی پریشانیوں کی شکایت کر رہے ہیں۔'

## ڈیریک اوبرائن نے بانکی پور ضمنی انتخاب کے نتائج کو بی جے پی کے لیے خاتمہ کی شروعات قرار دیا



نئی دہلی (یو این آئی) ترنمول کانگریس کے رہنما ڈیریک اوبرائن نے بہار کے بانکی پور اسمبلی ضمنی انتخاب میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی شکست کو برسر اقتدار پارٹی کے لیے خاتمہ کی شروعات قرار دیا ہے۔ بانکی پور سیٹ کی گنتی میں جن سوراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور کی بڑی برتری کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے پیر کے روز دعویٰ کیا کہ یہ نتیجہ بی جے پی کی قیادت اور اس کی سیاسی حکمت عملی کے خلاف عوام کے بڑھتے ہوئے عدم اطمینان کو ظاہر کرتا ہے۔ مسٹر برائن نے ایکس پر ایک پوسٹ میں بہار میں بی جے پی کے تنظیمی فیصلوں کا مذاق اڑایا۔ انہوں نے خاص طور پر وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو نشانہ بنایا اور واقعات کا ایک ایسا تسلسل پیش کیا، جو بالآخر ضمنی انتخاب میں پارٹی کی شکست کا سبب بنا۔ مسٹر برائن نے واقعات کو ترتیب دیتے ہوئے لکھا، "خاتمہ کی شروعات۔" انہوں نے اسی پوسٹ میں آگے لکھا: پہلا منظر- مودی-شاہ نے بہار کے ایک گمنام رکن اسمبلی کو اٹھا کر اپنا ربڑ اسٹیمپ قومی صدر بنایا۔ دوسرا منظر- بانکی پور اسمبلی نشست خالی ہوتی ہے، جسے بی جے پی نے 52,000 ووٹوں سے جیتا تھا، تیسرا منظر- بی جے پی امیدوار کا اعلان کرتی ہے اور پھر اسے بدل دیتی ہے، چوتھا منظر- ضمنی انتخاب میں بی جے پی کی عبرت ناک شکست ہوتی ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ تقریباً 52,000 ووٹوں کے فرق سے جیتی ہوئی نشست پر بی جے پی کی شکست کے بڑے سیاسی معنی ہیں اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ ووٹرز اب پارٹی سے منہ موڑنے لگے ہیں۔ بی جے پی کے موجودہ رکن اسمبلی کو پارٹی کے قومی صدر کے عہدے پر ترقی دیے جانے کے بعد بانکی پور اسمبلی نشست خالی ہوئی تھی، جس کی وجہ سے یہاں ضمنی انتخاب کرانا پڑا۔

## برج بھوشن کی بریت پر اپوزیشن کا شدید ردعمل

# حکومت کے قول وفعل میں ہے تضاد: پرینکا گاندھی



نئی دہلی: (ایجنسی) دہلی کی راؤز ایونیو عدالت کی جانب سے خاتون پہلوانوں کی جنسی ہراسانی کے مقدمے میں ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کے صدر اور سابق بی جے پی رکن پارلیمنٹ برج بھوشن شرن سنگھ کو بری کیے جانے کے بعد حزب اختلاف کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ اپوزیشن نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے خاتون کھلاڑیوں کے تحفظ اور انصاف کے نظام پر سوالات اٹھائے۔ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے عدالت کے فیصلے پر براہِ راست تبصرہ کرنے سے گریز کرتے ہوئے مرکزی حکومت کی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت نوجوانوں، خواتین کو بااختیار بنانے اور خواتین کے لیے ریزرویشن جیسے دعوے کرتی ہے، لیکن دوسری طرف ایسے معاملات میں جو پیغام سماج تک پہنچتا ہے، وہ انتہائی تشویشناک ہے۔ پرینکا گاندھی کے مطابق حکومت کے دعووں اور عملی اقدامات کے درمیان واضح فرق دکھائی دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے حساس معاملات میں صرف بیانات کافی نہیں ہوتے بلکہ خواتین کے اعتماد کو مضبوط کرنے کے لیے مؤثر اقدامات بھی ضروری ہیں۔

جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم) کی رکن پارلیمنٹ مہوا ماجھی نے بھی عدالت کے فیصلے پر محتاط ردعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ عدلیہ کا مکمل احترام کرتی ہیں اور عدالت کے فیصلے پر کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتیں، تاہم اس فیصلے سے خاتون پہلوانوں اور سماج کے ایک بڑے طبقے میں مایوسی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن خاتون پہلوانوں نے بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کیا، انہوں نے اپنی شکایات کے ازالے کے لیے طویل عرصے تک احتجاج، دھرنے اور بھوک ہڑتال کا سہارا لیا تھا۔ ایسے میں اس فیصلے کے بعد عوام کے ذہنوں میں تفتیش کے معیار اور جمع کیے گئے شواہد کے حوالے سے کئی سوالات پیدا ہونا فطری ہیں۔ مہوا ماجھی نے مزید کہا کہ بہت سی خواتین کو خدشہ ہے کہ اس فیصلے کے اثرات کھیلوں میں آگے بڑھنے والی نوجوان خاتون کھلاڑیوں پر پڑ سکتے ہیں۔ ان کے مطابق اگر متاثرہ خواتین کو انصاف ملنے کے امکانات کمزور محسوس ہوں تو مستقبل میں ہراسانی کے واقعات کی شکایت درج کرانے کا حوصلہ بھی متاثر ہوسکتا ہے۔ واضح رہے کہ راؤز ایونیو عدالت نے خاتون پہلوانوں کی جانب سے درج جنسی ہراسانی کے مقدمے میں برج بھوشن شرن سنگھ کو بری کر دیا ہے، جس کے بعد اس فیصلے پر سیاسی اور سماجی سطح پر مختلف آرا سامنے آ رہی ہیں۔ ایک طرف حکمراں جماعت اسے عدالتی عمل کی کامیابی قرار دے رہی ہے، جبکہ اپوزیشن کا کہنا ہے کہ اس معاملے نے خواتین کے تحفظ، انصاف اور حکومتی دعووں کے درمیان موجود تضادات پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔

## ہماچل میں شدید بارش کے بعد لینڈ سلائیڈ سے اسکول اور باغ تباہ، کارگل میں اچانک سیلاب سے کھیتی اور فصلوں کو پہنچا نقصان

شملہ (ایجنسی) ہماچل پردیش کے کلو ضلع کے پانکوا گاؤں میں مسلسل ہورہی شدید بارش نے شدید تباہی مچائی ہے۔ مسلسل بارش کی وجہ سے ہوئے لینڈ سلائیڈنگ سے گورنمنٹ پرائمری سکول کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اس کے علاوہ باغبانوں، گاؤں والوں اور مقامی خاندانوں کو بڑے پیمانے پر نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اس واقعہ کے بعد پورے علاقے میں تشویش کا ماحول ہے اور لوگ انتظامیہ سے جلد راحت اور بحالی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ اسکول کو نقصان پہنچنے سے بچوں کی تعلیم بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ شدید بارش اور لینڈ سلائیڈنگ سے علاقہ کے باغبانوں کو بھی شدید معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ملبے کی وجہ سے 500 سے زائد سیب کے پودے برباد ہو گئے ہیں، لاکھوں روپے کے نقصان کا اندازہ لگایا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ کئی گوشالہ بھی تباہ ہوئے ہیں۔ واقعہ کے بعد گاؤں والوں نے انتظامیہ سے متاثرہ علاقے کا فوری طور پر سروے کرانے، نقصان کا صحیح تخمینہ لگانے، متاثرین کو مناسب معاوضہ دینے، تباہ شدہ اسکول کی عمارت کو جلد دوبارہ تعمیر کرانے، بچوں کی تعلیم کے لیے متبادل انتظام یقینی بنانے اور متاثرہ خاندانوں کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب لداخ کے کارگل ضلع کے ہرداس گونڈ اور کرکیچو گاؤں میں شدید بارش کی وجہ سے اچانک سیلاب آگیا، جس سے کھیتی کی زمین اور سڑکوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ جو گاؤں سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں ان میں ہرداس گونڈ، سمراہا نالا (شاکر-چکتن)، بڈگام، کرکیچو، چوسکورے، سلمو اور یوکما کھاربو شامل ہیں۔ پانی کے ساتھ آئے بھاری مقدار میں کیچڑ و ملبے نے کھیتی والی زمین کو بری طرح نقصان پہنچایا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک آئے اس سیلاب سے ذاتی املاک، مقامی سڑکوں اور گاڑیوں کو بھی کافی نقصان پہنچا ہے۔ مقامی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکمہ بند نالوں سے ملبہ ہٹانے اور سڑکوں کو پھر سے چالو کرنے کے لیے بھاری مشینری کا استعمال کر رہے ہیں۔ کارگل ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) نے ایک ضروری عوامی ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں تمام شہریوں اور سیاحوں کو انتہائی محتاط رہنے کے لیے کہا گیا ہے۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ بہتے ہوئے پانی کے راستوں سے دور رہیں، طغیانی پر آئی ہوئی ندیوں کو پار کرنے سے گریز کریں اور موسم کے حالات معمول پر ہونے تک کوئی بھی غیر ضروری سفر نہ کریں۔ آئی ایم ڈی نے کہا ہے کہ آج بھی جموں وکشمیر اور لداخ کے کئی علاقوں میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے ضروری ہونے پر ہی گھر سے نکلیں، ندی-نالوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے دور رہیں۔

## ابھیشیک کے علاج کے لیے بیرون ملک جانے کے معاملے کی ایک ہفتے میں سماعت کرے کلکتہ ہائی کورٹ: سپریم کورٹ



نئی دہلی (یو این آئی) سپریم کورٹ نے آنکھوں کے علاج کے لیے بیرون ملک جانے کی اجازت کا مطالبہ کرنے والے ترنمول کانگریس کے رکن اسمبلی ابھیشیک بنرجی کی عرضی پر کلکتہ ہائی کورٹ کو پیر کے روز ایک ہفتے کے اندر سماعت کرنے کی ہدایت دی ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس وی موہنا کی بنچ نے آج یہ حکم دیا۔ مسٹر بنرجی کے وکیل نے عدالت عظمیٰ کو بتایا کہ معاملے کی ہنگامی نوعیت کے باوجود کلکتہ ہائی کورٹ میں سماعت میں تاخیر ہو رہی ہے۔ سماعت کے آغاز میں مسٹر بنرجی کی طرف سے پیش ہوئے سینئر ایڈوکیٹ گوپال شنکر نارائنن نے کہا کہ ان کے موکل کو علاج کے لیے بیرون ملک جانے کی فوری اجازت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ میں معاملے کی سماعت میں تاخیر کی وجہ سے انتظامی اور طبی دشواریاں پیش آرہی ہیں۔

بنچ نے اعلیٰ عدالت سے رجوع کرنے کی ضرورت پر سوال اٹھایا، جبکہ ہائی کورٹ پہلے ہی معاملے کی سماعت کر رہا ہے اور اس نے اس معاملے میں قانونی تحفظ فراہم کیا تھا اس سے قبل۔ جواب میں مسٹر بنرجی کے وکیل نے کہا کہ درخواست میں ایک فوری طبی مسئلہ شامل تھا اور ہائی کورٹ میں بار بار ہونے والی تاخیر کی وجہ سے اعلیٰ عدالت کی مداخلت کی ضرورت پڑی۔ دونوں فریقین کو سننے کے بعد بنچ نے ہدایت دی کہ کلکتہ ہائی کورٹ ایک ہفتے کے اندر معاملے کی سماعت کرے اور اس پر فیصلہ کرے۔ ڈی جے معاملے کی تحقیقات میں تعاون کرنے کے باوجود، علاج کے لیے بیرون ملک جانے کی اجازت نہ ملنے پر مسٹر بنرجی نے سپریم کورٹ کے رجوع کیا۔ ان کی عرضی کے مطابق، انہوں نے ہائی کورٹ کی تمام ہدایات پر عمل کیا ہے، جس میں اپنا وائس سیمپل دینا اور تحقیقاتی ایجنسی کو پورا تعاون دینا شامل ہے، لیکن بیرون ملک آنکھوں کے علاج کی اجازت مانگنے والی ان کی عرضی ابھی بھی التوا میں ہے۔ اس سے پہلے کلکتہ ہائی کورٹ نے اس معاملے کی فوری سماعت کی ان کی اپیل مسترد کردی تھی، جبکہ مرکزی عرضی بھی التوا میں تھی۔ جسٹس سوگت بھٹاچاریہ کے سامنے سماعت کے دوران مسٹر بنرجی کے وکیل نے 20 جولائی کو بتایا تھا کہ ڈائمنڈ ہاربر کے رکن اسمبلی گزشتہ تقریباً ایک دہائی سے امریکہ میں اپنی آنکھوں کا علاج کروا رہے ہیں اور انہیں وہاں مسلسل طبی دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔ ریاستی حکومت نے اس اپیل کی مخالفت کی۔ ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل راجدیپ مجمدار نے دلیل دی تھی کہ مسٹر بنرجی ڈی جے معاملے سمیت کئی معاملات میں ملوث ہیں اور انہیں بیرون ملک جانے کی اجازت دینے سے جاری تحقیقات پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔ دونوں فریقین کو سننے کے بعد جسٹس بھٹاچاریہ نے مسٹر بنرجی کو پہلے ایس ایس کے ایم ہسپتال کے شعبہ امراض چشم کے سربراہ سے معائنہ کرانے کی ہدایت دی۔ عدالت نے کہا تھا کہ اگر طبی ماہرین اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ ضروری علاج کولکاتا میں دستیاب نہیں ہے اور بیرون ملک علاج کرانا طبی طور پر ضروری ہے، تو بیرون ملک سفر کی اپیل پر فیصلہ کرتے وقت اس رائے کو مناسب اہمیت دی جائے گی۔

## زیر التواء مقدمات کا انبار!

# سپریم کورٹ میں 10 برسوں میں 10 ہزار اور ہائی کورٹ میں 30 برسوں میں 80 ہزار مقدمات زیر التوا



نئی دہلی۔ عدالتوں میں کافی کوششوں کے باوجود لوگوں کو انصاف کے لیے طویل انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ سپریم کورٹ بھی زیر التواء مقدمات کی جلد از جلد سماعت کر کے معاملے کو ختم کرنے کی بات کرتا ہے، اس کے باوجود کوئی بہتری نہیں آ رہی ہے۔ 2011 سے کورٹ کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے اور عدالتی نظام میں تکنیک کو شامل کرنے کے لیے تقریباً 10 ہزار کروڑ روپے خرچ کرنے کے باوجود دہائیوں سے زیر التواء متعدد مقدمات کے حل کرنے پر اس مہم کا بہت کم اثر پڑا ہے۔ سپریم کورٹ میں 10 برسوں سے بھی زیادہ وقت میں 10 ہزار سے زیادہ مقدمات زیر التواء ہیں۔ ان میں 558 معاملے 20 برسوں سے زیادہ تو 26 معاملے 30 برسوں سے بھی زیادہ وقت سے زیر التواء ہیں۔ ملک بھر کے 25 ہائی کورٹ میں 80000 سے زیادہ مقدمات 30 برسوں سے بھی زیادہ وقت سے زیر التواء ہیں۔ گزشتہ ہفتے پارلیمنٹ میں ایک سوال کے تحریری جواب میں وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے زیر التواء مقدمات کے نمٹارے کی ذمہ داری عدلیہ پر ڈالی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ "کورٹ نے ان کے نمٹارے کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں کیا ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "عدالتوں میں مقدمات کا وقت پر حل ہونا کئی باتوں پر منحصر ہوتا ہے، مثلاً کافی تعداد میں جج اور عدالتی افسران کی دستیابی، کورٹ کے معاون ملازمین اور فزیکل انفراسٹرکچر، معاملات کی پیچیدگی، ثبوت کی نوعیت، اسٹیک ہولڈرز کا تعاون اور اس میں قواعد وضوابط کی مناسب پابندیاں شامل ہوتی ہے۔"

اگرچہ سپریم کورٹ خالی آسامیوں پر ججوں کی تقرری میں تیز رفتاری کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ لیکن 25 ہائی کورٹ اور نچلی عدالتوں میں حالات ایسے نہیں ہیں۔ ہائی کورٹ میں ججوں کی 1122 منظور شدہ اسامیوں کے مقابلے 341 اسامیاں خالی پڑی ہیں۔ نچلی عدالتوں میں تو حالات اور بھی خراب ہیں۔ یہاں ججوں کے 30868 منظور شدہ اسامیوں کے مقابلے 7311 اسامیاں خالی ہیں۔ وزیر قانون میگھوال نے ہائی کورٹ میں ججوں کی تقرری کی سفارش شروع کرنے اور طے شدہ وقت پر عمل نہیں کرنے کے لیے متعلقہ ہائی کورٹ کالجیم کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ جو بڑی تعداد میں خالی پڑی اسامیوں کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ ہائی کورٹ کالجیم میں ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور 2 سب سے سینئر جج شامل ہوتے ہیں۔ اسی طرح سپریم کورٹ میں ججوں کی تقرری کا عمل ملک کے چیف جسٹس شروع ہوتے ہیں۔ میگھوال نے کہا کہ "5 برسوں سے بھی زیادہ وقت سے زیر التواء معاموں کو نمٹانے کے لیے سبھی 25 ہائی کورٹ اور ضلع عدالتوں میں 'اریئر کمیٹیاں' (بقایہ جات معاملے کی کمیٹیاں) بنائی گئی ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ "حکومت نے زیر التواء معاملوں کو کم کرنے کے مقصد سے نئے کرمنل لا 2023، نیگوشی ایبل انسٹرومینٹس (ترمیمی) ایکٹ 2018، کمرشل کورٹس (ترمیمی) ایکٹ 2018 اور اسپیسفیک ریلیف (ترمیمی) ایکٹ 2018 بھی نافذ کردیا گیا ہے۔"




سری لنکا کے خلاف 15 اگست سے شروع ہونے والی 2 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے جب ہندوستانی ٹیم کا پہلی بار اعلان ہوا تھا تو سب کی زبان پر ایک ہی بات تھی کہ 29 سالہ عاقب نبی کو ٹیم میں جگہ کیوں نہیں ملی۔ جموں وکشمیر کے اس تیز گیند باز کو 2 شاندار گھریلو سیزن کے بعد بھی ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا۔ کافی باتیں ہوئیں اور سابق کرکٹروں نے سلیکٹرز کو ہدف تنقید بنایا۔ حالانکہ ان کے لیے ٹیم کا راستہ تب کھلا جب زخمی جسپریت بمراہ سیریز سے باہر ہو گئے۔ بارہمولہ میں پلے بڑھے عاقب نبی کے لیے کرکٹ کھیلنا آسان نہیں تھا۔ وہاں نہ تو اچھی پچ تھی اور نہ ہی پریکٹس کرنے کے لیے مناسب سہولیات۔ کئی بار کرفیو کی وجہ سے میدان تک پہنچنا بھی ممکن نہیں ہوتا تھا۔ ایسے ماحول میں انہوں نے شکایت کرنے کے بجائے دستیاب وسائل سے ہی اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کی کوشش کی۔ عاقب یاد کرتے ہیں کہ "مشکل یہ نہیں تھی کہ کرکٹ کھیلنا چاہتا تھا، مشکل یہ تھی کہ سہولیات نہیں تھیں۔ جموں وکشمیر میں پریکٹس کے لیے اچھی وکٹیں نہیں تھیں۔ میرے پاس کھیل کے لیے ضروری لوازمات بھی نہیں تھے، جو کچھ دستیاب تھا اسی سے کوشش کی اور خود کو تیار کیا۔"

عاقب نبی ڈار کی زندگی کی سب سے جذباتی یاد ان دنوں کی ہے، جب بارہمولہ میں کرفیو لگا ہوا تھا۔ میدان بند تھے لیکن ان کا خواب نہیں رکا۔ ان کے والد نے گھر کے اندر عارضی نیٹ لگایا اور ایک کرسی کو بلے باز مان کر عاقب گھنٹوں گیند بازی کرتے رہے۔ ڈھلتی شام تک وہ اپنی لینتھ اور لائن سدھارتے رہتے۔ عاقب بتاتے ہیں کہ "ان دنوں سہولیات بہت کم تھیں، جو تھیں اسی میں کام چلانا پڑتا تھا۔" بہتر سہولیات کی تلاش میں انہیں روزانہ تقریباً 60 کلومیٹر دور سرینگر تک جا کر پریکٹس کرنی پڑتی تھی۔ عاقب نبی کی محنت کا اثر پہلی بار 2015 میں نظر آیا جب انہوں نے جموں وکشمیر کی انڈر-19 ٹیم سے ڈیبیو کیا۔ اس کے بعد وہ انڈر-23 ٹیم تک پہنچے۔ اس دوران سی کے نائیڈو ٹرافی میں کیرالہ کے خلاف 5 وکٹیں لے کر انہوں نے اپنی صلاحیت کا شاندار تعارف کرایا۔ اس کے بعد 2018 میں انہوں نے لسٹ-اے کرکٹ میں اور 2 سال بعد فرسٹ کلاس کرکٹ میں ڈیبیو کیا۔ ان کی ابتدائی کارکردگی شاندار رہی۔ پہلے 2 لسٹ-اے سیزن میں انہوں نے 18 میچوں میں 22.55 کی اوسط سے 34 وکٹیں لیں، جبکہ اپنے پہلے فرسٹ کلاس سیزن میں 18.50 کی اوسط سے 24 وکٹیں جھٹکیں۔

حالانکہ اس کے بعد کا دور عاقب کے لیے آسان نہیں رہا۔ آئندہ 3 فرسٹ کلاس سیزن میں وہ صرف 22 وکٹیں ہی لے سکے اور ان کی گیند بازی کی اوسط بڑھ کر 42.46 ہوگئی۔ عاقب نبی کی کارکردگی میں گراوٹ کی ایک بڑی وجہ منظم کوچنگ کی کمی تھی۔ ان کے ہائی-آرم ایکشن سے سوئنگ گیند بازی قدرتی طور پر ہوتی تھی، لیکن ابتدائی سالوں میں انہیں تکنیکی رہنمائی تقریباً نہیں ملی۔ اس کے بعد ان کا کیریئر کچھ وقت کے لیے ٹھہر سا گیا۔ 3 گھریلو سیزن میں وہ توقع کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکے۔ اس دور کو یاد کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ "جموں وکشمیر کرکٹ ایسوسی ایشن میں بولنگ کوچ نہیں تھا۔ مجھے یہ بتانے والا کوئی نہیں تھا کہ میں کہاں غلطی کر رہا ہوں۔" عاقب نبی کی زندگی میں بولنگ کوچ پی کرشن کمار کی انٹری ہوئی۔ انہوں نے نہ صرف عاقب نبی کی تکنیک کی اصلاح کی بلکہ سوچ بھی بدل دی۔ عاقب نے کہا کہ "کوچ نے میری چھوٹی چھوٹی غلطیاں پکڑنا شروع کیں اور بتایا کہ ان کی کیسے اصلاح کرنی ہے۔ پہلے میں صرف نتائج کے بارے میں سوچتا تھا، لیکن بعد میں دباؤ کو سنبھالنا سیکھ گیا ہوں۔ میں صرف وہی کرتا ہوں، جو کوچ کہتے ہیں۔" گزشتہ سال رنجی ٹرافی میں ممبئی کے خلاف میچ نے عاقب کی پہچان بدل دی۔ روہت شرما، یشسوی جیسوال، اجنکیا رہانے، شریس ایئر اور شیوم دوبے جیسے ستاروں سے سجی ٹیم کے خلاف انہوں نے دوسری اننگ میں 4 وکٹیں لے کر جموں وکشمیر کو تاریخی جیت دلائی۔ ممبئی کی ٹیم 300 رنز سے قبل ہی سمٹ گئی اور جموں وکشمیر کو 205 رنز کا ہدف ملا، جسے اس نے حاصل کر کے بڑی جیت درج کی۔

اس کے بعد انہوں نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ یہ جیت صرف ٹیم کے لیے ہی نہیں بلکہ عاقب کے کیریئر کے لیے بھی ٹرننگ پوائنٹ ثابت ہوئی۔ 2025-26 رنجی ٹرافی میں 10 میچوں میں 12 کی اوسط سے 60 وکٹیں لے کر جموں وکشمیر کو پہلا رنجی ٹرافی خطاب دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس سے قبل کے سیزن میں بھی ان کے نام 44 وکٹیں تھیں۔ اس دوران ان کا اوسط 13.93 کا تھا۔ آئندہ گھریلو سیزن میں بھی عاقب کی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رہا۔ انہوں نے دلیپ ٹرافی میں مسلسل 4 گیندوں پر 4 وکٹیں لے کر تاریخ رقم کر دی۔ وہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایسا کرنے والے ہندوستان کے صرف پانچویں گیند باز بنے۔ اس کے بعد پورے گھریلو سیزن میں انہوں نے اپنی شاندار کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھا اور مسلسل وکٹ لیتے رہے۔ عاقب نبی کی محنت پر آئی پی ایل فرنچائزی کی بھی نظر پڑی۔ وہ پہلے سن رائزرز حیدرآباد، کولکاتہ نائٹ رائڈرز اور گجرات ٹائٹنز کے نیٹ گیند باز رہے۔ بعد میں دہلی کیپیٹلس نے انہیں 8.4 کروڑ روپے میں خرید لیا۔ نیلامی کی اس رات کو یاد کرتے ہوئے عاقب کہتے ہیں کہ "جب میرا نام آیا تو گھر میں سب جذباتی ہو گئے۔ سالوں کی محنت کا خواب پورا ہو رہا تھا۔ میں بھی اپنے اہل خانہ کو دیکھ کر جذباتی ہو گیا۔" حالانکہ ان کے نزدیک پیسوں سے زیادہ اہمیت آئی پی ایل میں کھیلنے کا موقع ملنا تھا۔ عاقب نے بتایا کہ "میرے لیے پیسہ سب سے بڑی چیز نہیں تھی۔ میں صرف آئی پی ایل کھیلنا چاہتا تھا۔ اگر 30 لاکھ بھی ملتے تو بھی میں اتنا ہی خوش ہوتا۔" عاقب نبی کا کہنا ہے کہ ہندوستان کے لیے کھیلنا ان کا ہمیشہ سے سب سے بڑا خواب رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ہندوستان کے لیے میچ جیتنا میرا سب سے بڑا خواب ہے۔ میں نے ریڈ بال کرکٹ میں اچھا کیا ہے، لیکن مجھے اس کارکردگی کو مسلسل جاری رکھنا ہوگا۔" انہوں نے اپنی ریاست کے لوگوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ "میرا صرف اتنا پیغام ہے کہ جس طرح اب تک میرا ساتھ دیا ہے، آگے بھی دیتے رہیے۔ ہمیں آپ کی حمایت اور دعاؤں کی ضرورت ہے۔"

## 'وندے ماترم' کا لزوم مسلمانوں کی آئینی ومذہبی آزادی کے برخلاف: آل انڈیا ملی کونسل

نئی دہلی۔ آل انڈیا ملی کونسل نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے وندے ماترم کے نئے ضابطوں پر مشتمل مسودہ قانون کی منظوری پر سخت ردعمل اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی دفتر آل انڈیا ملی کونسل سے جاری پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ ترمیمی بل وقار کی توہین کی روک تھام ایکٹ 1971 میں ترمیم کے نام پر ملک کے آئینی، جمہوری، سیکولر مزاج کے منافی اور شہریوں کی مذہبی آزادی پر سنگین حملہ ہے، جس پر آل انڈیا ملی کونسل اپنی سخت بے چینی، اضطراب اور تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ کارگزار صدر، آل انڈیا ملی کونسل مولانا انیس الرحمن قاسمی نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے، قانون سازی کے ذریعہ کسی مخصوص مذہبی تصور یا عقیدے کو ملک کے تمام شہریوں پر مسلط کرنے کو ملک کے آئین کی بنیادی روح سے متصادم بتایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر ملک ہے، جس کا امتیاز اس کی ہمہ مذہبی ثقافت ہے۔ ملی کونسل نے اپنے سابقہ مطالبہ کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'وندے ماترم' کو قانونی جبر کے ذریعہ تمام طبقات اور مذہبی برادریوں پر لازم کرنے کی کوشش دستور ہند کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے۔ آنجہانی پنڈت جواہر لعل نہرو نے تو مسلمانوں کے مطالبے کے تناظر میں ہی بہت غور وخوض کے بعد اس کے ابتدائی دو بندوں کو ہی قومی سطح پر قبول کیا تھا، جبکہ اس کے دیگر حصوں کو ملک کے سیکولر کردار کے ساتھ ہم آہنگ نہیں سمجھا گیا تھا۔ آل انڈیا ملی کونسل نے وندے ماترم کے بعض مندرجات کو مسلمانوں کے مذہبی تصورات کے خلاف بتایا ہے، کیونکہ بقیہ بندوں میں وطن کو ایک دیوی کی صورت میں پیش کر کے اس کی وندنا کی دعوت دی گئی ہے۔ یہ تصور مسلمانانِ ہند کے بنیادی عقیدہ توحید سے کلیتاً متصادم ہے۔ مسلمان صرف اپنے خالق، اللہ وحدہ کی عبادت کرتا ہے اور اس کی ذات، صفات، حقوق واختیارات میں کسی بھی درجہ کی شرکت اس کے ایمان کے منافی ہے۔ کارگزار صدر کونسل نے بیان میں آگے کہا کہ مسلمان اپنے وطن سے محبت کو اپنے دینی وشہری فریضے کا حصہ سمجھتے ہیں، لیکن وہ وطن کو معبود یا دیوی کا درجہ نہیں دے سکتے۔ انھوں نے سپریم کورٹ کے ایک فیصلہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عدالت عظمیٰ نے بھی کہا تھا کہ اگر کسی شخص کا مذہبی عقیدہ اسے کسی مخصوص عمل میں شرکت سے روکتا ہو تو اسے محض عدم شرکت کی بنا پر سزا نہیں دی جا سکتی، جبکہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے پاس شدہ بل کے تحت اسے وقار کا مسئلہ بنا کر مجرمانہ فعل قرار دے دیا گیا ہے، جس پر ملی کونسل کو شدید اعتراض ہے اور اس فیصلے کو غیر معمولی تشویش کی نظر سے دیکھتی ہے۔ یہ فیصلہ دستور ہند کی دفعہ 25 اور دفعہ 19 دونوں سے صریحاً متصادم ہے لہٰذا آل انڈیا ملی کونسل حکومت ہند سے اس فیصلہ پر نظر ثانی کرنے کا پرزور مطالبہ کرتی ہے۔

